پریس ریلیز

گوجرانوالہ 08 جنوری 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کہا کہ مختلف بحرانوں نے ملک صنعت کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے ملک میں کاروباری حالات پہلے جیسے نہیں رہے کاروباری مشکلات میں بے انتہاء اضافہ ہو چکا ہے۔حکومت کو چاہیئے کہ بزنس کمیونٹی کو زیادہ زیادہ ریلیف دیکر کاروباری آسانیاں پیدا کرے۔NHA پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہ محکمہ NHA رائٹ آف وے کی مد میں بزنس کمیونٹی کو ریکوری نوٹسز کے ذریعے پریشان کر رہے ہیں جبکہ اس وقت بزنس کمیونٹی اس پوزیشن میں بالکل بھی نہیں کہ اسے ریکوریوں کے نوٹسز بھیجے جائیں۔انڈسٹری مالکان مہنگی بجلی اور گیس استعمال کرنے پر مجبور ہیں جبکہ ستم ظریفی کی بات ہے کہ وہ بھی برابر دستیاب نہیں جس کی وجہ سے پیداواری لاگت میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے انڈسٹریاں بند ہو رہی ہے جبکہ مسائل کے باعث ملک میں نئی صنعتیں بھی نہیں لگ رہی لہٰذا NHA نظرثانی کرے اور انڈسٹری کو رائٹ آف وے سے مستثنیٰ کیا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ظفر حیات ڈائریکٹر NHA اور ڈپٹی ڈائریکٹر NHA کی چیمبر آمد کے موقع پر کیا۔اس موقع پر سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ، رانا شہزاد حفیظ، خواجہ ضرار کلیم، نواز احمد باجوہ و دیگر موجود تھے۔

ڈائریکٹر NHA ظفر حیات نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ اس وقت انڈسٹری اپنے مشکل ترین دور سے گزر رہی ہے۔ہمیں اپنی انڈسٹری کو سنبھالا دینا ہوگا کیونکہ ملکی معیشت کی مضبوطی کامیاب انڈسٹری پر ہی منحصر ہے۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس ایک مضبوط پلیٹ فارم ہے آپ اعلیٰ سطح پر لکھیں ہمیں جو حکم آئے گا ہم اس پر پابندی سے عمل درآمد کریں گے۔ہم انڈسٹری کے ساتھ بھرپور تعاون کو تیار رہیں۔